تعارف و تبصرہ رئیس التحریر

خطبات سواتی جلد چہارم

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم کے خطبات جمعہ مرتب ہو کر بے شمار مسلمانوں کی ہدایت اور خطباء کی راہ نمائی کا ذریعہ بن رہے ہیں اور اس کی چوتھی جلد مرتب ہو کر شائع ہو چکی ہے۔ اس جلد میں سنت اور بدعت میں امتیاز' شعائر اللہ کی تعظیم' تطہیر فکر کی ضرورت' مالی حقوق کے آٹھ مصارف' حقوق العباد کی اہمیت' زکوٰۃ آرڈیننس' زکوٰۃ کی اہمیت و حکمت' سیرت طیبہ' فقہ حنفی' عقیدۂ حیاۃ النبیؐ' معراج النبیؐ' رمضان المبارک' قربانی' مہاجرین وانصار اور اسلامی تقویم جیسے اہم عنوانات پر انتیس خطبات شامل ہیں۔ حضرت صوفی صاحب مدظلہ انداز بیان اب اتنا معروف ہو چکا ہے کہ اس کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں رہی۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ سے نوازیں' آمین

چار سے زائد صفحات' عمدہ جلد' معیاری طباعت اور قیمت ۱۱۰ روپے' ناشر مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ

تزئین القرآن شرح جمال القرآن

تجوید و قراءت پر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا رسالہ جمال القرآن ایک عرصہ سے دینی مدارس کے نصاب میں شامل ہے اور ہزاروں قراء اس سے استفادہ کر رہے ہیں۔ مولانا قاری شمس الرحمٰن نعمانی نے اس کی مفصل شرح لکھ کر اس کی افادیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے اور آخر میں علم قراءۃ کے معروف ائمہ واساتذہ کے مختصر حالات بھی درج کیے ہیں۔

صفحات ۳۰۷' طباعت معیاری' خوبصورت جلد' قیمت درج نہیں ہے۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ شجاعت' ڈاک خانہ فارسٹ گیٹ' پلوسی روڈ' راحت آباد' پشاور

قرآن وحدیث سے عداوت کیوں؟

جامعہ مدنیہ لاہور کے استاذ مولانا ڈاکٹر مفتی عبد الواحد صاحب نے ایک منکر حدیث کے نظریات وخیالات کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے حجیت حدیث پر مفید مواد جمع کر دیا ہے اور متعدد سوالات واشکالات کا جواب دیا ہے۔ صفحات ۸۰' طباعت معیاری' یہ رسالہ صرف چار